# سوالنامہ نمبر 1

سوال نمبر 1۔ اگر آپ اپنے سے آگے والی گاڑی کواوورٹیک کرنا چاہ رہے ہیں اور سامنے والی گاڑی راستہ نہیں دے رہی تو اس صورت میں آپ

(1) مسلسل ہارن کا استعمال کریں گے

(2) آگے والی گاڑی سے 1 فٹ کے فاصلے پر آ کر ہارن کا استعمال کریں گے

(3) اوورٹیک کرنے کیلیئے مناسب وقت کا انتظار کریں گے

سوال نمبر 2۔ دوطرفہ سڑک پر سامنے سے آنیوالی گاڑی کے کس طرف سے گزرنا چاہیئے

(1) دائیں (2) بائیں (3) 1 اور 2 دونوں نہیں

سوال نمبر 3۔ موٹرسائیکل سوار کو سڑک کی کونسی لین استعمال کرنی چاہیئے

(1) دائیں لین (2) درمیان والی لین (3) بائیں لین (4) کوئی بھی لین

سوال نمبر 4۔ موٹروہیکل آرڈیننس کے کس سیکشن کے تحت موٹرسائیکل سوار کیلیئے ہیلمٹ پہننا ضروری ہے؟

(1) 89-A (2) 89-B (3) 89-C

سوال نمبر 5۔ اگر آپ کے آگے گاڑی نے کسی کو (Right of way) دیا ہے اور گاڑی روک لی ہے آپ اس گاڑی کے پیچھے ہیں تو آپ کیا کریں گے؟

(1) مسلسل ہارن دیکر جو کسی کو (Right of way) دینے کی وجہ سے آہستہ ہوئی ہے یا کھڑی ہوئی ہے، اسے مجبور کریں گے وہ آپ کے آگے سے گاڑی کو ہٹائے اور آپ کو ہر صورت راستہ دے۔

(2) صبر سے کھڑے رہیں گے تا کہ آپ کے آگے کے حالات ساز گار ہوں تو آپ چلیں۔آپ آگے جانے کے لئے ہارن کا استعمال نہیں کریں گے۔

(3) آپ گاڑی سے نکل کر اگلی گاڑی والے سے لڑنا شروع کر دیں گے۔

سوال نمبر 6۔ (Traffic violation) پر اگر آپ کو پولیس آفیسر رکنے کا اشارہ کرے تو آپ کیا کرینگے؟

(1) آپ گاڑی بھگانے کی کوشش کریں گے۔

(2) فوراً رک جائیں گے اور بحث مباحثہ کئے بغیر ٹریفک آفیسر کی ہدایت پر عمل کریں گے۔

(3) آپ ٹریفک آفیسر کو سمجھائیں گے کہ آپ نے کسی قانون کی خلاف ورزی نہیں کی ہے اور نہ ہی اپنی گاڑی کے کاغذات ٹریفک آفیسر کے حوالہ کریں گے۔

سوال نمبر 7۔ دوران ڈرائیونگ اگر کوئی گاڑی آپ کو انتباہ کئے بغیر اچانک آپ کو اووٹیک کرے تو اس صورت میں

(1) آپ ہارن بجا کر اپنی موجودگی کا احساس دلائیں گے

(2) آپ اس گاڑی کو اووٹیک کریں گے

(3) گاڑی کو نارمل (Normal) طریقے سے چلاتے رہیں گے

سوال نمبر 8۔ سٹاپ لائن سے کیا مراد ہے

(1) پیدل چلنے والوں کے گزرنے کی جگہ (2) موٹر سائیکل گزارنے کے لئے (3) ٹریفک سگنل پر رکنے کے لئے

سوال نمبر 9۔ اگر ٹریفک سگنل کی سرخ بتی جل رہی ہو تو گاڑی کہاں روکنی چاہیئے ۔

(1) سٹاپ لائن کے 1 فٹ اوپر (2) زیبرا کراسنگ پر (3) سٹاپ لائن کے پیچھے

سوال نمبر 10۔ اگر سڑک کے درمیان مسلسل لائن ہے تو کیا اس صورت میں

(1) اوورٹیک کیا جا سکتا ہے (2) اوورٹیک نہیں کیا جا سکتا (3) 1 اور 2 دونوں نہیں

# سوالنامہ نمبر2

سوال نمبر1۔ سڑک پر یوٹرن لینے کے لئے کونسا اشارہ ضروری ہے

(1) انڈیکیٹر (2) ہاتھ کا اشارہ (3) 1اور2 دونوں

سوال نمبر2۔ آپ کسی بھی چوک میں سرخ بتی پر اپنی اپنی لین میں کھڑے ہیں۔جیسے ہی اشارہ سبز ہوتا ہے تو کیا؟

(1) اب لائن اور لین کی پابندی کی کوئی ضرورت نہیں

(2) اشارہ سبز ہونے کے بعد بھی چوک کراس کرنے کے لئے لائن اور لین کی پابندی انتہائی ضروری ہے چاہے آپ کے آگے ٹریفک کی لمبی قطار موجود ہوں۔صبر سے اپنی باری کا انتظار کریں گے۔

(3) یہ آپ کی مرضی ہے کہ کیا کرنا ہے۔

سوال نمبر3۔ ہسپتال،سکول/ کالج کے سامنے ہارن بجایا جاسکتا ہے

(1) 1مرتبہ (2) 2مرتبہ (3) ہارن بجانا ممنوع ہوتا ہے

سوال نمبر4۔ موٹروہیکل آرڈیننس کی کس دفعہ کے تحت بغیر لائسنس کے ڈرائیونگ کرنا ممنوع ہے۔

(1) سیکشن-3 (2) سیکشن-4 (3) 1اور2 دونوں نہیں۔

سوال نمبر5۔ اپنے راستے کے حق کیلئے ڈرائیور کتنی مرتبہ پریشر ہارن کا استعمال کرسکتا ہے۔

(1) 1مرتبہ (2) 2مرتبہ (3) پریشر ہارن کا استعمال ممنوع ہے

سوال نمبر6۔ اگر دو موٹرسائیکل سوار ایک ساتھ ٹریفک کے گول چکر میں داخل ہورہے ہوں اور گول چکر میں ٹریفک کا کوئی سائن نہ ہوتو پہلے کس طرف والی موٹرسائیکل گزرنے کا حق رکھتی ہے۔

(1) دائیں (2) بائیں (3) دونوں

سوال نمبر7۔ ٹریفک سگنل پر صرف زرد (Yellow) بتی مسلسل جلنے کا مطلب ہے؟

(1) موٹرسائیکل کو تیزی کیساتھ گزارا جاسکتا ہے (2) موٹرسائیکل کو سٹاپ لائن سے پہلے روک لیں

(3) صرف بائیں طرف مڑیں

سوال نمبر8۔ پل پر گاڑی کو کیسے اوورٹیک کیا جاسکتا ہے

(1) دائیں طرف سے (2) بائیں طرف سے (3) پل پر اوورٹیک ممنوع ہے

سوال نمبر9۔ کیا دل کا مریض موٹرسائیکل چلاسکتا ہے

(1) 40 کلومیٹر فی گھنٹہ (2) 20 کلومیٹر فی گھنٹہ (3) دل کا مریض گاڑی ڈرائیو نہیں کرسکتا

سوال نمبر10۔ کیا پل پر رات کے وقت موٹرسائیکل پارک کرسکتے ہیں

(1) انڈیکیٹر اور ہیڈ بیک لائٹس آن کرکے (2) صرف دائیں سائیڈ والا انڈیکیٹر آن کرکے (3) موٹرسائیکل پارک نہیں کرنی چاہئیے

# سوالنامہ نمبر 3

سوال نمبر 1۔ اگر آپ موٹر سائیکل چلا رہے ہیں تو ؟

(1) آپ سڑک پر لین اور لائن کی پرواہ کئے بغیر جہاں آپ کی مرضی ہو موٹر سائیکل چلا سکتے ہیں۔

(2) سڑک پر زگ زیگ کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(3) آپ کو ہمیشہ سڑک کی انتہائی بائیں جانب والی لین میں رہنا چاہیے اور لین صرف اس وقت تبدیل کرنا چاہیئے جب آپ نے دائیں یا بائیں مڑنا ہو۔ آپ انڈیکیٹر دیئے بغیر تبدیل لین تبدیل نہیں کر سکتے۔

سوال نمبر 2۔ موٹر وہیکل آرڈیننس کے کس سیکشن کے تحت موٹر سائیکل پر ڈبل سواری کی جا سکتی ہے

(1) 87 (2) 88 (3) 89

سوال نمبر 3۔ موٹر سائیکل سوار تین لین والی روڈ پر اگر دائیں جانب یوٹرن (U-turn) لینا چاہے تو اسے کس لین میں ہونا چاہیئے ؟

(1) انتہائی بائیں لین میں (2) درمیان والی لین میں (3) انتہائی دائیں لین میں

سوال نمبر 4۔ کلر بلائنڈنس (color blindness) کا مریض کن سڑکوں پر موٹر سائیکل چلا سکتا ہے

(1) ہائی وے پر (2) شہری حدود کے اندر (3) گاڑی نہیں چلا سکتا

سوال نمبر 5۔ موٹر سائیکل چلانے کے لئے ہیلمٹ کیوں ضروری ہے۔

(1) چالان سے بچنے کیلئے (2) ایکسیڈنٹ میں چوٹ سے بچنے کیلئے (3) 1 اور 2 دونوں

سوال نمبر 6۔ لین لائن سسٹم میں آگے والی گاڑی کو اوورٹیک کیسے کیا جا سکتا ہے

(1) انڈیکیٹر کا استعمال کر کے (2) ہارن بجا کر (3) 1 اور 2 دونوں

سوال نمبر 7۔ لازمی اشارے کس شکل کے ہوتے ہیں

(1) گول (2) تکون (3) چکور

سوال نمبر 8۔ PPC کی کس دفعہ کے تحت لاپرواہی اور غفلت سے ڈرائیونگ کرنے کے خلاف کاروائی کس دفعہ کے تحت کی جا سکتی ہے

(1) 279 دفعہ (2) 278 دفعہ (3) 280 دفعہ

سوال نمبر 9۔ سڑک پر موجود مسلسل لائن سے اگلی گاڑی کو اوورٹیک کرنے کیلئے کیا کرنا چاہیے۔

(1) انڈیکیٹر کا استعمال کرنا لازمی ہے (2) ہارن بجا کر (3) 1 اور 2 دونوں نہیں

سوال نمبر 10۔ موٹر سائیکل پر پیچھے بیٹھے ہوئے سوار پر

(1) ہیلمٹ پہننا لازمی ہے (2) ہیلمٹ پہننا لازمی نہیں

# سوالنامہ نمبر 4

سوال نمبر 1۔ ملٹی لین سسٹم کیا ہے۔ (Multi lane system)

(1) جب آپ چوک میں پہنچیں تو اگر آپ نے سیدھا چوک کراس کرنا ہے تو سنٹر لین میں رہیں ۔اور اگر آپ نے چوک سے دائیں طرف مڑنا ہے تو دائیں لین میں رہیں اور اگر آپ نے چوک سے بائیں طرف مڑنا ہے تو بائیں لین میں رہیں۔

(2) آپ اپنی مرضی سے اپنی گاڑی جس لین میں چاہے کھڑی کر سکتے ہیں۔

(3) ٹریفک سگنل کے قریب پہنچ کر فیصلہ کریں گے کہ کیا کرنا ہے۔

سوال نمبر 2۔ موٹر سائیکل پر ڈرائیور کے علاوہ کتنے اشخاص سوار ہو سکتے ہیں

(1) ایک (2) دو (3) تین

سوال نمبر 3۔ چڑھائی چڑھتے وقت اوورٹیک کیسے کر سکتے ہیں

(1) انڈیکیٹر کا استعمال کر کے (2) اوورٹیکنگ ممنوع ہے (3) انڈیکیٹر اور ہارن کا استعمال کر کے

سوال نمبر 4۔ احتیاطی اشارے کس شکل کے ہوتے ہیں

(1) چکورنما (2) گول (3) تکونی

سوال نمبر 5۔ موٹر سائیکل چلاتے ہوئے ہاتھ کے تمام اشارے کس ہاتھ سے دینے چاہیئے۔

(1) دائیں (2) بائیں (3) سہولت کے مطابق 1اور 2 دونوں

سوال نمبر 6۔ آپ کے آگے گاڑیوں کی لمبی لائن ہے اور ٹریفک لائن /لین سسٹم کے مطابق رواں ہے لیکن آپ نے دائیں مڑنا ہے تو کیا آپ؟

(1) اپنی لائن میں رہیں گے چاہے ٹریفک سگنل دوبارہ سبز سے سرخ ہو جائے۔صبر تحمل کا مظاہرہ کرتے ہوئے لائن/لین نہ توڑیں گے اور نہ ہارن دے کر اگلی گاڑی کو تنگ کریں گے۔

(2) چوک میں پہنچ کر لائن توڑ دیں گے اور مخالف سمت سے آنے والی سڑک پر گاڑی ڈال لیں گے اور دائیں مڑ جائیں گے باقی ٹریفک کی پرواکیئے بغیر۔

(3) اگلی ٹریفک کو مسلسل ہارن پر ہارن دیں گے تا کہ اشارہ سبز سے سرخ ہونے سے پہلے نکلنے کا موقع مل سکے۔

سوال نمبر 7۔ کن صورتوں میں بیٹا باپ کے ڈرائیونگ لائسنس پر گاڑی چلا سکتا ہے

(1) جب عمر 16 سال ہو جائے (2) 21 سال (3) 1 اور 2 دونوں نہیں

سوال نمبر 8۔ U-Turn (یوٹرن) سے کیا مراد ہے؟

(1) آگے سیدھے جانا (2) دائیں مڑنا (3) بائیں مڑنا

سوال نمبر 9۔ موٹر وہیکل آرڈیننس کی کس دفعہ کے تحت ون ویلنگ ممنوع ہے۔

(1) 89-A (2) 99-A (3) 101-A

سوال نمبر 10۔ موٹر وہیکل آرڈیننس کی کس دفعہ کے تحت گاڑی کو خطرناک حالت میں چھوڑنا ممنوع ہے۔

(1) سیکشن-84 (2) سیکشن-85 (3) سیکشن-86

# سوالنامہ نمبر 5

سوال نمبر 1۔ اگر رات کے وقت ٹریفک اشارے کی سرخ بتی جل رہی ہو اور وہاں ٹریفک کنسٹیبل موجود نہ ہو تو اس صورت میں

(1) احتیاط کے ساتھ دائیں بائیں دیکھ کر مناسب رفتار سے ٹریفک اشارے کو کراس کرنا چاہیئے

(2) گاڑی 20 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے گزارنی چاہیئے

(3) گاڑی کو روک دینا چاہیئے اور ٹریفک اشارے کی سبز بتی جلنے کا انتظار کرنا چاہیئے

سوال نمبر 2۔ اگر سڑک پر ٹریفک آہستہ چل رہی ہو یا ٹریفک رکی ہوئی ہو تو موٹر سائیکل سوار

(1) فٹ پاتھ پر موٹر سائیکل چلانے کا حق رکھتا ہے

(2) سڑک کی درمیان یا انتہائی دائیں جانب والی لین جہاں ٹریفک کا دباو کم ہو وہاں موٹر سائیکل چلاسکتا ہے

(3) 1 اور 2 دونوں نہیں

سوال نمبر 3۔ مندرجہ ذیل میں سے سب سے پہلے گزرنے کا حق کس گاڑی کا ہے

(1) فائر بریگیڈ/ایمبولینس (2)VIP/VVIP کی گاڑی (2) 1 اور 2 دونوں نہیں

سوال نمبر 4۔ PPC کی کس دفعہ کے تحت لاپرواہی اور غفلت سے ڈرائیونگ کرنے کے خلاف کاروائی کی جاسکتی ہے

(1) 279 دفعہ (2) 278 دفعہ (3) 280 دفعہ

سوال نمبر 5۔ اگر آپ نے چوک سے بائیں مڑنا ہے اور آپ غلطی سے چوک میں دائیں لین میں سب سے آگے ہیں۔اب اشارہ سبز ہوتا ہے تو آپ کیا کریں گے؟

(1) اپنا بائیں جانب کا انڈیکیٹر لگا کر دائیں طرف لین سے تمام ٹریفک کو روکتے ہوئے بائیں لین میں پہنچنے کی کوشش کریں گے۔تاکہ آپ حسب منشاء بائیں مڑ سکیں۔

(2) وہیں رک جائینگے اردگرد کی ٹریفک کی پرواہ نہیں کریں گے اور موقع ملتے ہی بائیں مڑ جائیں گے۔

(3) سبز اشارہ کھلتے ہی آپ بائیں لین میں رہتے ہوئے چوک کراس کر جائیں گے اور اگلے چوک یا اگلے سائیڈ روڈ سے واپس آکر اپنی سڑک لے لیں گے۔

سوال نمبر 6۔ اگر U ٹرن نزدیک نہ ہو تو کتنے گز تک واپس مڑنے کیلئے ون وے جاسکتے ہیں؟

(1)10 گز (2) 20 گز (3) 1 اور 2 دونوں نہیں

سوال نمبر 7۔ موٹروے پر موٹر سائیکل کی حد رفتار کیا ہے

(1) 60 کلومیٹر فی گھنٹہ (2) 80 کلومیٹر فی گھنٹہ (3) موٹروے پر موٹر سائیکل چلانا ممنوع ہے

سوال نمبر 8۔ احتیاطی اشارے کس شکل کے ہوتے ہیں

(1) چکور نما (2) گول (3) تکونی

سوال نمبر 9۔ ٹریفک سگنل پر سرخ بتی جل رہی ہو تو ڈرائیور کو گاڑی کس جگہ کھڑی کرنی چاہیئے

(1) سٹاپ لائن کے پیچھے (2) زیبرا کراسنگ پر (3) سٹاپ لائن کے اوپر

سوال نمبر 10۔ موٹر وہیکل آرڈیننس کی کس سیکشن کے تحت دوران ڈرائیونگ موبائل فون کا استعمال ممنوع ہے؟

(1) سیکشن 100 (2) سیکشن 101 (3) سیکشن 101-A

# ANSWERS

## Questionnaire No. 1

(1)3 (2) 2 (3) 3 (4) 1 (5) 2 (6) 2 (7) 3 (8) 3 (9) 3 (10) 2

## Questionnaire No. 2

(1)1 (2) 2 (3) 3 (4) 1 (5) 3 (6) 1 (7) 2 (8) 3 (9) 3 (10) 3

## Questionnaire No. 3

(1)3 (2) 3 (3) 3 (4) 3 (5) 2 (6) 3 (7) 1 (8) 1 (9) 3 (10) 1

## Questionnaire No. 4

(1)1 (2) 1 (3) 2 (4) 3 (5) 3 (6) 1 (7) 3 (8) 2 (9) 2 (10) 2

## Questionnaire No. 5

(1)3 (2) 3 (3) 1 (4) 1 (5) 3 (6) 3 (7) 3 (8) 3 (9) 1 (10) 3